ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون 99212639

ڈاکوؤں کے خلاف کامیاب چھاپہ مار کاروائیوں پر آئی جی سندھ نے SSP سکھر اور پولیس پارٹی کو تعریفی اسناد اور 5 لاکھ روپے نقد انعام دیا۔

کراچی 12 جولائی 2015ء:۔ مغویان کی بحفاظت رہائی ڈاکو میر شیخ کے قبضے میں موجودگی کے حوالے سے ملنے والی خفیہ اطلاع پر ایس ایس پی سکھر تنویر حسین تنیو نے بلوچستان پولیس کے ساتھ ملکر سکھر پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ اوطاق محمد ڈسٹرکٹ جعفر آباد میں گذشتہ صبح 11 بجے مذکورہ ڈاکو کی کمین گاہ پر کامیاب چھاپہ مار کاروائی کی جس کے نتیجے میں ہونیوالے پولیس مقابلے میں ڈاکو میر شیخ کے دو ساتھی عبدالستار ولد شریف شیخ سکنہ گھوٹکی، عبداللطیف ولد علیم اللہ برڑو سکنہ جیکب آباد ہلاک ہوئے جنکے قبضہ سے دو عدد کلاشنکوف، ایک عدد راکٹ لانچر اور بڑی مقدار میں راؤنڈز/کارتوس برآمد ہوئے جبکہ ڈاکو میر شیخ، شیرو بنگلانی عرف شیرو بنگلانی اور دو نامعلوم ڈاکو فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ تھانہ اوطاق محمد میں مقدمہ الزام 84/2015 درج کرکے پولیس نے باقاعدہ تفتیش کا آغاز کردیا ہے۔ مذکورہ پولیس مقابلے میں تھانہ اوطاق محمد کا سپاہی عرفان جمالی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ہوا۔

مذید برآں ایس ایس پی سکھر نے ملنے والی ایک خفیہ اطلاع پر بوقت شب 12:15 بجے ڈاکو میر شیخ کے ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے تھانہ بالگڑبی کے علاقے سٹھ مل میں چھاپہ مار کاروائی کی۔ ڈاکوؤں نے جنکی تعداد 15/20 کے درمیان معلوم ہوئی نے پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کردی جسکے نتیجے میں پولیس موبائل کو نقصان پہنچا اسی دوران پولیس کی مذید نفری اور بکتر بند گاڑیوں کو طلب کیا گیا اور پولیس نے سخت مقابلے کے بعد ڈاکو میر شیخ گروہ کے تین کارندوں کرم شیخ ولد وزیر شیخ سکنہ گھوٹکی، نجیب عرف بھجی ولد اللہ داد مینن سکنہ خیرپور اور حلیم ولد نجیب برڑو سکنہ جیکب آباد ہلاک ہوئے جنکے قبضہ سے دو عدد کلاشنکوف، ایک ہینڈ گرنیڈ ایک پستول اور بھاری تعداد میں میگزین اور گولیاں برآمد ہوئیں۔ علاوہ ہلاک ہونیوالے ڈاکوؤں سے دیگر ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے تاہم پولیس انکے تعاقب میں ہے اور جلد ہی انکی گرفتاری متوقع ہے۔ تھانہ بالگڑبی میں کیس نمبر 15/2015 درج کرکے پولیس نے باقاعدہ تفتیش کا آغاز کردیا ہے

آئی جی سندھ غلام حیدر جمالی نے ڈاکوؤں کے خلاف کامیاب کاروائیوں پر ایس ایس پی سکھر اور پولیس پارٹی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے تعریفی اسناد اور نقد 5 لاکھ روپے بطور انعام دیئے

#